Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۹ مطبوعہ روز یکشنبہ تاریخ ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاسِ ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۹ء

ہمیں آج شام کو دلی رنج اور افسوس کے ساتھ ہزہائنس ٹھاکر صاحب بہادر ریاست دھرول کے انتقالِ پرملال کی خبر موصول ہوئی۔ مرحوم ہمارے ساتھ کے پڑھے ہوئے تھے۔ اور ان سے ہمارے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات تھے۔ کل بوجہ تعطیل دسہرہ دفاتر اور عدالتیں تو بند ہی رہیں گی۔ لیکن اس کے علاوہ ہمارا منشاء ہے کہ بطورِ اظہارِ غم کل بارہ بجے دن تک بازار بند رہے۔ اور تمام فلیگ ہاف ماسٹ رہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے بلا لحاظِ وقت احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے۔

بائی آرڈر

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)